© rasailojaraid.com

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

گرامی قدر جناب حضرت مہتمم صاحب

عنوان: محکمہ تعلیم میں عربی ٹیچرز کی بھرتی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

مزاج گرامی بخیر!

گزشتہ دنوں صوبہ پنجاب کے تمام اضلاع میں محکمہ تعلیم نے مختلف اسامیوں کے علاوہ عربی ٹیچرز کی بھرتی کے لئے اشتہار شائع کئے۔ جس میں بی اے پاس یا تنظیم المدارس کی جاری کردہ اسناد کے حامل امیدواران سے درخواستیں طلب کی گئیں مزید یہ کہ محکمہ تعلیم حکومت پنجاب لاہور نے بھی تنظیم المدارس کی اسناد کے حامل امیدواران کو درخواست دینے کے لئے اپنا ایک مکتوب مورخہ 14-4-2009 کو جاری کر دیا۔ جس پر وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہم العالیہ نے اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ پاکستان میں شامل دیگر وفاقوں کے ساتھ مل کر جناب وزیر اعلیٰ پنجاب اور حکومت پنجاب کے دیگر اعلیٰ افسران کی توجہ اس اہم مسئلہ کی طرف مبذول کرائی۔ ان حضرات کی محنت اور کوششوں سے محکمہ تعلیم حکومت پنجاب نے مورخہ 4-5-2009 کو اپنا ایک نیا مکتوب جاری کر دیا ہے جس میں واضح کیا گیا ہے کہ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن اسلام آباد کے نوٹیفکیشن محررہ 17-11-1982 کے تحت جن منظور شدہ مکتب فکر کی جاری کردہ اسناد ایم اے عربی/ ایم اے اسلامیات کے مساوی تسلیم کی گئی ہیں وہ بھی عربی ٹیچرز کی خالی اسامیوں کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔

حکومت پنجاب کی طرف سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کا عکس صفحہ آخر ٹائٹل نمبر 3 پر ملاحظہ فرمائیں۔


امام اہل سنت حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدرؒ کی حیات وخدمات پر

**ماھنامہ "الشریعہ" کی خصوصی اشاعت**

جولائی 2009ء کے آغاز میں منظر عام پر آ رہی ہے۔ جن حضرات کے پاس حضرت رحمہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں معلومات یا حضرت کے خطوط موجود ہوں یا جو دوست حضرت کے بارے میں اپنے جذبات کا اظہار کرنا چاہیں وہ ان کی عکسی نقول اور اپنی تحریریں ۱۰ جون ۲۰۰۹ء تک پہنچا دیں تاکہ انہیں شامل اشاعت کرنے کے لئے بروقت جائزہ لیا جا سکے۔

محمد عمار خان ناصر مدیر ماہنامہ الشریعہ۔ پوسٹ بکس 331 گوجرانوالہ :0300-4949823

حافظ محمد یوسف الشریعہ اکادمی۔ ہاشمی کالونی کنگنی والا گوجرانوالہ :0321-6458828


© rasailojaraid.com